E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 23 | اتوار یکم جون 2025ء/4 ذی الحجہ 1446ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 124

پاکستان نے چین کی ثالثی کی تجویز قبول کرتے ہوئے افغانستان کے ساتھ سفارتی تعلقات کو سفیر کی سطح تک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے

چینی وزیر خارجہ کی اسحاق ڈار سے ملاقات

افغانستان کے ساتھ سفارتی تعلقات میں بہتری سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مستحکم ہوں گے، اعتماد بڑھے گا اور تعاون مضبوط ہوگا

چین جولائی میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھالنے اور بین الاقوامی امن و سلامتی میں کردار ادا کرنے میں پاکستان کی حمایت کرتا ہے۔ وانگ یی

اسلام آباد (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے کہا ہے کہ چین عالمی تنظیم برائے ثالثی (آئی او میڈ) کے منفرد فوائد کو فروغ دینے کیلئے پاکستان اور ہم خیال ممالک کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے بانگ کانگ میں بین الاقوامی تنظیم برائے ثالثی کے قیام کے کوشش کی دھلی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر سینئر اسحاق ڈار سے ملاقات کے دوران وانگ یی نے کہا کہ چین پاکستان اور دیگر ممالک کے ساتھ مل کر تجارت کے رضا کارانہ اور موثر نئے متبادل حل فراہم کرنے اور عالمی جنوب میں امن، استحکام، انصاف اور عدل کے فروغ کے لئے ایک نیا پلیٹ فارم بنانے کو تیار ہے۔ ملاقات کے دوران پاکستانی وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ چین بین الاقوامی تنظیم برائے ثالثی کی حمایت کرتا ہے۔ چین عالمی تنظیم برائے ثالثی کے قیام کے اقدام پر وقت ہے اور کثیر جہتی نظام کو مضبوط بنانے کے لئے ایک اہم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

کوئٹہ: وزیراعظم شہباز شریف کوئٹہ پہنچنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مصافحہ کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس (ر) ناصرہ اقبال کے وارنٹ گرفتاری کا حکم کالعدم قرار دیدیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس (ر) ناصرہ اقبال کے وارنٹ گرفتاری کا حکم کالعدم قرار دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے تحصیلدار ماڈل ٹاؤن کا ناصرہ اقبال کے وارنٹ گرفتاری جاری کا آرڈر کالعدم قرار دیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے جسٹس (ر) ناصرہ اقبال کی وارنٹ گرفتاری کے خلاف دائر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

سینیٹر مشاہد حسین کی روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات

انڈو پیسیفک کبھی موجود ہی نہیں تھا بلکہ نیٹو نے اسے چین مخالف منصوبوں پر بھارت کو سامنے لانے کے لیے بنایا

روسی وزیر خارجہ کی بھارت کی مغربی اتحادوں میں کردار پر تنقید، لاوروف کا نیٹو پر افغانستان میں واپسی کی سازش کا الزام

ماسکو (این این آئی) سینیٹر مشاہد حسین سید نے روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات کی جس میں حالیہ پاک۔ بھارت کشیدگی کے دوران روس کے مثبت کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشاہد حسین سید نے ماسکو کے نواحی شہر میں یوریشین فورم کے آغاز کے قبل روسی وزیر خارجہ کے ساتھ چالیس منٹ طویل ملاقات کی۔ لاوروف نے سینیٹر مشاہد حسین سے پاکستانی نمایاں ایشیائی رہنماؤں پر مشتمل ایک وفد کے حصے کے طور پر ملاقات کی جس میں چین، ترکی، کوریا و (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

ساہیوال: ڈاکو فیکٹری انجینئر اور زمینداروں سے پانچ لاکھ 15 ہزار نقدی، موٹر سائیکل، چار موبائل لوٹ کر لے گئے

ساہیوال (این این آئی) ڈاکو فیکٹری انجینئر اور زمینداروں سے پانچ لاکھ 15 ہزار 600 روپے کی نقدی، موٹر سائیکل اور چار موبائل چھین کر لے گئے۔ ڈاکو شرقی بائی پاس چک 87 نو ایل کے قریب گن پوائنٹ پر فیکٹری انجینئر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

اسلام آباد: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے رہائی کے نو منتخب چیئرمین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ: نہ پانی ہے اور نہ ہی بجلی، ایسا لگ رہا ہے کراچی والے چاند پر رہے ہیں

گورنر سندھ

گورنر ہاؤس کے پاس کوئی بہت نہیں ہے لیکن تین ہزار اسکولز کے بچوں کا نشہ سمجھایا جاتا ہے، گورنر ہاؤس میں پچاس ہزار بچے آئی ٹی کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں

کراچی کی عوام کو بھی یہ تین چیزیں میسر نہیں، اب تو ان کے بغیر جینے کی عادت بن چکی ہے، کامران ٹیسوری کی تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ کراچی میں پانی ہے اور نہ ہی بجلی۔ لگتا ہے ہم چاند پر رہے ہیں، کیونکہ وہاں بھی پانی، بھی گیس نہیں اور کراچی میں کامران ٹیسوری نے گورنر ہاؤس کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایسا لگ رہا ہے کراچی والے چاند پر رہے ہیں، کیونکہ وہاں بھی پانی، بھی گیس نہیں اور کراچی میں تبدیلی کی بات کی۔ تصیلات کے مطابق گورنر سندھ کامران اس ٹیلے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، مراد راؤ کو بیاد خان و دیگر اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

سرمایہ کاری میں اضافہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات کے تحت اولین ترجیح ہے

کاروبار دوست ماحول بنانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ بادرین اختر خان نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

پائیدار سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے ضروری ہے کہ سرمایہ کار پاکستان میں محفوظ اور معاون محسوس کریں، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے خصوصی معاون بادرین اختر خان نے کہا ہے کہ سرمایہ کاری میں اضافہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات کے تحت اولین ترجیح ہے۔ پائیدار سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے ضروری ہے کہ سرمایہ کار پاکستان میں محفوظ اور معاون محسوس کریں۔ وزیراعظم کے خصوصی معاون بادرین اختر خان نے سرمایہ کاری کی واپسی اور سرمایہ کاری کے تحفظ سے متعلق وزیراعظم کی دو اہم کمیٹیوں کے اجلاس کی صدارت کی تاکہ پاکستان کے سرمایہ کاری دوست (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

پارلیمانی سیکرٹری صادیہ نواز بلوچ اور اراکین صوبائی اسمبلی پرنس آغا مراد احمد اور فرح عظیم ملاقات کر رہی ہیں

صدر ٹاؤن میں عید الاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کی آلائشیں اٹھانے کے انتظامات مکمل ہیں، منصور احمد شیخ

کراچی (این این آئی) چیئرمین صدر ٹاؤن اور پاکستان تحریک انصاف کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر منصور احمد شیخ نے کہا ہے کہ صدر ٹاؤن کے تمام 52 وارڈز میں عید الاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائشیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

فضائیہ کی ذلت کے بعد اگلے حملے میں بھارت کا اپنی بحریہ کو آگے کرنے کا اعلان

''پاکستان کی خود مختاری کو خطرے میں ڈالنے یا سرحدی سالمیت کی خلاف ورزی کی صورت میں فیصلہ کن ردعمل دیا جائے گا''

وطن کی خود مختاری اور سالمیت کو چیلنج کرنے کی کوشش کی گئی تو ''فیصلہ کن اور ہمہ گیر'' ردعمل دیا جائے گا، ترجمان پاک فوج

پاکستان کو خفت بھری دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ کسی بھی مہینہ ''مئی'' کی صورت میں بھارت اپنی بحریہ کو آگے لانے کا اعلان کرے گا لیکن پاکستانی افواج نے ایک بار پھر واضح کر دیا ہے کہ وطن کی خود مختاری اور سالمیت کو چیلنج کرنے کی کوشش کی گئی تو ''فیصلہ کن اور ہمہ گیر'' ردعمل دیا جائے گا۔ راج ناتھ سنگھ نے مغربی بھارتی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

کراچی میں تیز رفتار گاڑیوں کی مکرر فوڈ ڈیلیوری بوائے سمیت 2 افراد جاں بحق

ڈیفنس میں تیز رفتار ڈبل کیبن گاڑی کا ڈرائیور عثمان شاہد اشدی سابقہ ڈی آئی جی کا پوتا ہے

کراچی (این این آئی) شرقاً کندھ میں تیز رفتار گاڑیوں نے مزید 2 گھروں کے چراغ گل کر دیے اور فوڈ ڈیلیوری بوائے سمیت 2 افراد سے زندگی کا حق چھین لیا۔ پولیس ملاقات کے ڈیفنس اور تین تلوار کے قریب 2 مختلف ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ دونوں واقعات میں ملوث ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

بھارت کو میدان جنگ اور سفارتی محاذوں پر بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا، بھارت نے جارحیت میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا

پاکستان نے حالیہ بھارتی جارحیت کا صرف جواب نہیں دیا، بازی ہی پلٹ دی

وزیراعظم

تاہم مسلح افواج نے پہلگام واقعے کی آڑ میں بھارتی اقدامات کا بھرپور دفاع کیا، بھارت کو میدان جنگ اور سفارتی محاذوں پر بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا

مسلح افواج ہماری خود مختاری اور سالمیت کی محافظ ہیں، بھارت کو پانی بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دیں گے، شہباز شریف کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے حالیہ بھارتی جارحیت کا صرف جواب نہیں دیا بلکہ بازی ہی پلٹ دی، بھارت نے جارحیت میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، تاہم مسلح افواج نے پہلگام واقعے کی آڑ میں بھارتی اقدامات کا بھرپور دفاع کیا، بھارت کو میدان جنگ اور سفارتی محاذوں پر بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا، مسلح افواج ہماری خود مختاری اور سالمیت کی محافظ ہیں، بھارت کو پانی بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دیں گے۔ کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج میں افسروں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عید الاضحیٰ کے قریب آتے ہی قربانی کے جانور چوری کرنیکی وارداتیں بڑھنے لگی

کراچی کے علاقے راجہ تنویر کالونی میں 9 مسلح ملزمان نے باڑے میں لوٹ مار کی

کراچی (این این آئی) عید الاضحیٰ کے قریب آتے ہی قربانی کے جانور چوری کرنیکی وارداتیں بڑھنے لگی، تازہ واقعے میں اتحاد ٹاؤن میں ڈاکو قربانی کے 7 جانور چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے راجہ تنویر کالونی میں 9 مسلح ملزمان نے باڑے میں لوٹ مار کی، 7 قربانی کے جانور لوٹنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

خواتین اپنے ووٹ کی طاقت کو پہچانیں، ضلعی الیکشن کمشنر امتیاز احمد

ملک کا ووٹر جتنا باشعور اور باشعور ہوگا وہ اتنا ہی اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کر سکے

سرگودھا (این این آئی) ضلعی الیکشن کمشنر امتیاز احمد نے خواتین ووٹرز پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے ووٹ کی طاقت کو پہچانیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی الیکشن کمشنر امتیاز احمد نے ووٹ کی اہمیت پر منعقدہ سیمینار میں کہا کہ قومی ترقی اور سماجی ترقی کیلئے پرعزم امیدواروں کی حمایت کرتے ہوئے ووٹرز درست انتخاب کریں۔

قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کیلئے 15 لاکھ ماحول دوست بیگ تیار

لاہور میں 300 صفائی ماڈل کیمپس، 104 عارضی کلیکشن پوائنٹس قائم کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) عید الاضحیٰ پر صفائی کی بڑی تیاری، لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے زیرو ویسٹ ہدف مقرر کرتے ہوئے گریٹر صفائی انقلابات کو حتمی شکل دیدی۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے عید الاضحیٰ پر شہر کو زیرو ویسٹ کرنے کا پلان بنالیا۔ آلائشیں ٹھکانے لگانے کے لئے 15 لاکھ بائیو ڈی گریڈ ایبل بیگز تیار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا چھاپہ، قوانین کی خلاف ورزیوں پر سوئیٹس یونٹ کی پروڈکشن بند

صفائی کے ناقص انتظامات، مکاکروچ، مکھیوں کی بھرمار پائی گئی، ایکسپائر گلاب جامن برآمد

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے چھاپہ مار کر قوانین کی خلاف ورزیوں پر سوئیٹس یونٹ کی پروڈکشن بند کر دی۔ تفصیلات کے مطابق عوام کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کے خلاف آپریشن ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر شالیمار ٹاؤن میں معروف سوئیٹس یونٹ کی چیکنگ کے دوران قوانین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

خانیوال ریلوے اسٹیشن پر گرنے والا پل 160 سال پرانا تھا

سی ای او ریلوے نے ملک بھر کے پلوں کی تفصیلات طلب کر لیں، مراسلہ جاری

لاہور (این این آئی) خانیوال ریلوے اسٹیشن پر پل گرنے کے واقعے کے بعد سی ای او پاکستان ریلوے عامر علی بلوچ نے ملک بھر کے تمام ریلوے پلوں کی تفصیلات طلب کر لیں۔ اس حوالے سے سی ای او ریلوے کی جانب سے تمام ڈویژل سپرنٹنڈنٹس کو باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے، جس میں ہدایت کی گئی ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

دھماکہ خیز مواد رکھنے، تخریب کاری کا حکم تنظیم طالبان کے عہدیدار کو 31 سال قید سخت سزا

عدالت نے حویلی لکھا پولیس گرفتار خاتون کے خلاف دہشت گردی ایکٹ ختم کر دیا

ساہیوال (این این آئی) سیشن جج انسداد دہشت گردی عدالت ساہیوال ضیاء اللہ خان نے کالعدم تنظیم تحریک طالبان کے دہشت گرد محمد زبیر گنڈاپور کو دھماکہ خیز مواد رکھنے اور تخریب کاری کے الزامات میں 31 سال قید سخت کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ استغاثہ کے مطابق 12 مارچ 2025 کو ایوان فیڈ دیپال (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری الحمراء میں تصویر نمائش دیکھ رہی ہیں

تمباکو نوشی صرف ایک عادت نہیں، صحت، معیشت اور معاشرت پر حملہ ہے، مریم نواز

تمباکو نوشی کے بارے آگاہی صرف حکومت کی نہیں، ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

سکولوں، ہسپتالوں اور دیگر عوامی مقامات کو تمباکو سے پاک بنانے کے لیے قانونی اقدامات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یوم انسداد تمباکو پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تمباکو نوشی وبا ہے، اپنی زندگیوں، گھروں اور بیماروں کو تمباکو کے زہر سے محفوظ رکھیں۔ تمباکو کا ہر کش، ایک نئی بیماری کی طرف قدم اور ہر سگریٹ ہماری نسلوں کے مستقبل کو دھوئیں میں لپیٹ دینا ہے۔ تمباکو نوشی صرف ایک عادت نہیں بلکہ صحت، معیشت اور معاشرت پر حملہ ہے۔ وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

بھارتی فوج نے پاکستان سے جنگ میں اپنے لڑاکا طیاروں کی تباہی کی تصدیق کر دی

ہم نے واضح سرخ لکیریں (ریڈ لائنز) طے کر دی ہیں۔ جنگ بندی برقرار ہے، اور اس کا انحصار پاکستان کے آئندہ اقدامات پر ہوگا، انیل چوہان

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فوج نے پہلی بار تصدیق کی ہے کہ نئی دہلی میں پاکستان کے ساتھ جھڑپوں میں اس کے کچھ لڑاکا طیارے تباہ ہوئے، تاہم یہ بھی کہا کہ 4 روزہ تنازع کبھی بھی ایٹمی جنگ کے قریب نہیں پہنچا۔ ہفتے کے روز سنگاپور میں شنگریلا ڈائیلاگ میں شرکت کے دوران بلومبرگ ٹی وی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں بھارتی مسلح افواج کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

لاہور، قصور میں سی سی ڈی اہلکاروں کے ساتھ مبینہ مقابلوں میں 3 ملزمان ہلاک

دوران پولیس مقابلہ نامعلوم خطرناک 02 ڈاکو ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے جبکہ 02 فرار ہو گئے

ملزمان نے روکنے پر پولیس اہلکاروں پر سیدھی فائرنگ کر دی، فرار ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں تشکیل

لاہور / قصور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے اہلکاروں کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلوں میں 3 ملزمان ہلاک ہو گئے جبکہ فرار ہونے والے ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں۔ پولیس کے مطابق اخواء (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

کوئٹہ: بلوچستان کے ماہی گیر مردار کو بیاد خان و دیگر اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

سرگودھا: زچہ بچہ کو گورنمنٹ مولا بخش ہسپتال کی او پی ڈی کو 5 جون تک فعال کرنے کا حکم

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے زچہ بچہ کو گورنمنٹ مولا بخش ہسپتال کی او پی ڈی کو 5 جون تک فعال کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے زچہ بچہ کو گورنمنٹ مولا بخش ہسپتال کی او پی ڈی کو 5 جون 2025 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

قصور: بیکنگ، پنجاب اسمبلی ملک محمد خان ڈاہی گاؤں جنانہ والا میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بحری معیشت کے فروغ کیلئے میری ٹائم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری قائم کرینگے

میری ٹائم چیمبر کا قیام ایک پائیدار اور معاشی طور پر مضبوط بحری معیشت کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

ماحولیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے چیلنجز، خصوصاً گلوبل ساؤتھ میں، پائیدار ترقی کی فوری ضرورت ہے، وفاقی وزیر

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور، محمد جنید انور چوہدری نے بحری معیشت کے فروغ اور بندرگاہوں پر ماحولیاتی پائیداری کو یقینی بنانے کے لیے میرٹائم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان بزنس کونسل فورم سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر کہا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے پاکستان کے ساحلی علاقے سمندری سطح کے بلند ہونے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

کمشنر سرگودھا کا اندرون شہر بازاروں، شاہراہوں سے تجاوزات کے مکمل خاتمہ کو یقینی بنانے کا حکم

سرگودھا (این این آئی) ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن و کمشنر سرگودھا نے انسداد تجاوزات عملہ کو حکم دیا کہ اندرون شہر بازاروں اور شاہراہوں سے تجاوزات کے مکمل خاتمہ کو یقینی بنائیں اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا ورلڈ ٹوبیکو ڈے پر پیغام

تمباکو نوشی صرف ایک عادت نہیں بلکہ ایک مہلک بیماری کی جڑ ہے، سید مراد علی شاہ

شہریوں کو صحت مند زندگی اور تمباکو سے پاک ماحول دینا ہمارا مشن ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ''ورلڈ ٹوبیکو ڈے'' کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تمباکو نوشی ایک عالمی وبا ہے، جو ہر سال لاکھوں افراد کی زندگیوں کا خاتمہ کر دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ صحت مند زندگی ہمارا بنیادی حق ہے اور ہمیں تمباکو جیسے مہلک عناصر سے خود کو اور اپنی آئندہ نسلوں کو بچانا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ نوجوان نسل کو تمباکو نوشی سے بچانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اسمبلی اجلاس میں بلوچستان اسٹیلیٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کا مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر 11-P بلاک پیک آفس نزد گلفشاں موڑ جھنگ روڈ فیصل آباد سے شائع کیا

پاکستان سپر لیگ چیلنجز کے باوجود کتنی کامیاب رہی

تحریر: محمد فیضان

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کا دسواں ایڈیشن، جو اسپانسرشپ کے باعث ایچ بی ایل پی ایس ایل ایکس کے نام سے منسوب تھا، پاکستان کے کرکٹ کیلنڈر میں ایک اہم ایونٹ تھا، جو 11 اپریل سے 25 مئی 2025 تک جاری رہا۔ اس سیزن میں میچ نیوں اسلام آباد یونائیٹڈ، کراچی کنگز، لاہور قلندرز، ملتان سلطانز، پشاور زلمی، اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے شاندار کھیل کے ذریعے شائقین کو محظوظ کیا، ریکارڈ توڑ پرفارمنسز، اور قابل ذکر سماجی اقدامات اٹھائے، حالانکہ جغرافیائی و سیاسی اور لاجسٹک چیلنجز کا سامنا بھی رہا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2025 نے لیگ مرحلے کے لیے ڈبل راؤنڈ روبن فارمیٹ اپنایا، جس میں ہر ٹیم نے دیگر ٹیموں کے ساتھ دو دو میچ کھیلے، مجموعی طور پر 30 میچز 11 اپریل سے 19 مئی 2025 تک کھیلے گئے۔ سرفہرست چار ٹیمیں پلے آف مرحلے میں پہنچیں، جن میں شامل تھے: اصل سب سے بڑا ہم ٹوئسٹ تھا، جس میں ریٹائرڈ ریسو اور حسن نواز کی سنچریاں شامل تھیں۔ پشاور زلمی خلاف 263/3 اسکور کیا، جو پی ایس ایل کا کی نمایاں کامیابیاں تھیں: 7 مئی 2025 کو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان بابر اعظم نے 18 مئی 2025 کو لاہور قلندرز کے خلاف اپنا 100 واں پی ایس ایل میچ کھیلا، جو ان کی لمبی کرکٹ زندگی کے لیے 9 مئی کو ٹورنامنٹ ملتوی کر دیا گیا، جس سے تمام 34 میچز، بشمول پلے آف، مکمل ہوئے۔ اس سیزن میں کی ٹیموں کو اپنے اسٹیڈیم کے قریب ڈرون حملے کی کوشش کے بعد لیگ کو عارضی طور پر روک دیا گیا۔ 13 مئی کو جنگ بندی کے بعد میچز دوبارہ شروع ہوئے، اور گلبرز کو ایڈجسٹ کیا گیا۔ ڈی آر ایس ٹیکنالوجی کے ذمہ دار ہاک آئی ٹیم جنگ بندی کے بعد واپس نہ آئی، جس نے ٹورنامنٹ کے آخری مراحل میں امپائرنگ فیصلوں پر اثر پڑا۔ باقی پی ایس ایل میچز کے لیے ڈی آر ایس نہ ہونا 25 (مئی 2025 کو قومی اسٹیڈیم میں ہونے والے فائنل میں لاہور قلندرز کا مقابلہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز سے ہوا۔ کوئٹہ نے 201/9 اسکور کیا، لیکن لاہور نے 19.5 اوورز میں 204/4 اسکور کر کے چھ وکٹوں سے فتح حاصل کی۔ یہ فتح لاہور قلندرز کا تیسرا پی ایس ایل ٹائٹل تھا، جو انہیں اسلام آباد یونائیٹڈ کے بعد متعدد فائنل جیتنے والی دوسری ٹیم بنا گئی۔ اور ان کی مستقل پلے آف شمولیت کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے کلاڈی ایوارڈز اور نمایاں پرفارمرز انفرادی شائقین کا رکردگی کو مختلف ایوارڈز کے ذریعے تسلیم کیا گیا:



* ٹورنامنٹ کا بہترین کلاڈی اور نیلیسین: *حسن نواز (کوئٹہ گلیڈی ایٹرز)، مستقل رنز بنانے اور ایک چٹری سکور کرنے کے لیے۔ * بیلر آف دی ٹورنامنٹ: * شاہین آفریدی (لاہور قلندرز)، 12 وکٹیں، بہترین 3/3، اوسط 16.42۔ * آل راؤنڈر آف دی ٹورنامنٹ: *فہیم اشرف (کوئٹہ گلیڈی ایٹرز) (بیٹ اور بال دونوں سے شراکت کے لیے۔ * وکٹ کیپر آف دی ٹورنامنٹ: * محمد حارث (پشاور زلمی)، وکٹ کیپنگ اور بیٹنگ کے لیے۔ * فیلڈر آف دی ٹورنامنٹ: *عبدالصمد (پشاور زلمی)، شاندار فیلڈنگ کے لیے۔ * ابھرتا ہوا کھلاڑی: *محمد فہیم (لاہور قلندرز (امید افزا پرفارمنس کے لیے۔ * امپائر آف دی ٹورنامنٹ: *آصف یعقوب، بہترین امپائرنگ کے لیے۔ * اسپرٹ آف کرکٹ ایوارڈ: *پشاور زلمی، منصفانہ کھیل کے لیے۔ اعداد و شمار کے رجحانات شامل تھے:

* سب سے زیادہ رنز بنانے والا: صاحبزادہ فرحان (اسلام آباد یونائیٹڈ)، 12 اننگز میں 449 رنز، سب سے زیادہ اسکور 106، اوسط 37.41۔ * سب سے زیادہ وکٹیں لینے والا: *شاہین آفریدی (لاہور قلندرز)، 19 وکٹیں، بہترین 3/3، اوسط 16.42۔ مالی داعبت زیادہ تھا، فاتح لاہور قلندرز کو 500,000 امریکی ڈالر اور رنرز اپ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 200,000 امریکی ڈالر ملے۔ یہ انعامی ڈھانچہ ٹورنامنٹ کی بڑھتی ہوئی کمرشل اپیل کو ظاہر کرتا ہے، جس کی اسپانسرشپ کی مالیت 6 ملین ڈالر سے زائد تھی، جس میں ایچ بی ایل پاکستان کی ٹائٹل اسپانسرشپ شامل تھی، جو 2025 تک چار سال کے لیے تجدید کی گئی تھی۔ کرکٹ کے علاوہ، ایچ بی ایل پی ایس ایل 2025 نے سماجی ذمہ داری پر زور دیا: 3 مئی کو میچوں کے کمنٹریٹر کا کان منایا گیا، اسٹیڈیمز کو سبز رنگوں سے سجایا گیا تاکہ آگاہی بڑھائی جا سکے۔ 19 مئی 2025، چھانگا کے کمنٹریٹر کا کان منایا گیا، مقامی رنگوں کے ساتھ، صحت کے اقدامات کو فروغ دیا گیا۔ 17 اور 18 مئی 2025 کو قومی ہیروز کی عزت افزائی کے لیے فلی کیٹ پیش کیے گئے۔ جو ایونٹ میں قومی فخر کا اضافہ کرتے تھے۔ ٹورنامنٹ بغیر چیلنجز کے نہ تھا کہ ایک سی اور پشتیبی کی اسپانسرشپ کو فلسطین نواز مہمات کے باعث تنقید کا سامنا کرنا پڑا، جس سے کراچی اور لاہور میں اسٹیڈیم خالی رہے، جو متنج تر سماجی و سیاسی تنا

کی مکاسی کرتا ہے۔ سونی اسپورٹس نیٹ ورک اور فین کوڈ نے 2025 کے پیداگی کھیلے کی ایڈیشن، اپنی ریکارڈ توڑ پرفارمنسز اور پلے کے ساتھ، پی ایس ایل کی ایک پریمیئر لیگ

بعد 13 میچز کے بعد نشریات روک دیں، جس سے تین الاقوامی ناظرین متاثر ہوئے۔ 8 مئی 2025 کو راولپنڈی اسٹیڈیم کے قریب ڈرون حملے کی کوشش نے میچز کے ملتوی ہونے کا باعث بنی، جو سکیورٹی خدشات کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ تنازعات، اگرچہ چیلنجنگ تھے، لیکن کرکٹ کے مقابلوں کو ماند نہیں کر سکے، بلکہ ٹورنامنٹ کی داستان کو مزید پیچیدہ 20 لیگ کے طور پر حیثیت کو مستحکم کرتا ہے، جو پاکستان کرکٹ کے لیے ایک روشن مستقبل کا وعدہ کرتا ہے۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی صدر مملکت آصف علی زرداری تھے جنہوں نے گورنر پنجاب سلیم حیدر کے ہمراہ کھلاڑیوں اور آفیشلز میں انعامات تقسیم کیے جبکہ چیئرمین پی پی ایس لی محسن نقوی بھی ان کے ہمراہ تھے اور سٹیج پر آری چیف حاصم منیر بھی موجود تھے۔

پاکستان نے حالیہ بھارتی جارحیت کا صرف جواب نہیں دیا بلکہ بازی ہی پلٹ دی

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے حالیہ بھارتی جارحیت کا صرف جواب نہیں دیا بلکہ بازی ہی پلٹ دی، بھارت نے جارحیت میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، تاہم مسلح افواج نے پہلگام واقعے کی آڑ میں بھارتی اقدامات کا بھرپور دفاع کیا، بھارت کو میدان جنگ اور سفارتی محاذوں پر بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا، مسلح افواج ہماری خودمختاری اور سالمیت کی محافظ ہیں، بھارت کو پانی بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دیں گے۔ کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج میں افسروں سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ دوست ممالک سے آنے والے مہمانوں کا خیر مقدم کرتے ہیں، آپ کی یہاں موجودگی ہمارے بہترین تعلقات کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج عام محاذ کے بجائے مختلف جہتوں میں صلاحیتوں کا امتحان ہے، کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج نے ہمیشہ شاندار خدمات انجام دی ہیں، ادارے نے تمام امتحانوں کے لیے بہترین خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعے کی آڑ میں جارحیت کی کوشش کی، بھارت نے جارحیت میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، تاہم مسلح افواج نے پہلگام واقعے کی آڑ میں بھارتی اقدامات کا بھرپور دفاع کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ مسلح افواج ہماری خودمختاری اور سالمیت کی محافظ ہیں، پاک افواج نے بہترین خدمات انجام دیں اور پاک فضائیہ نے تاریخی کارنامہ انجام دیتے ہوئے 7 ہائی ویلیو ٹارگٹ کو نشانہ بنایا جب کہ آئندہ بھی کوئی بھی مہم جوئی ہوئی تو اس کا منہ توڑ جواب دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو درپیش خطرات روایتی میدان جنگ تک محدود نہیں، 6 مئی کو بھارت نے میزائل حملے کیے تو پاکستان نے زمین اور فضاؤں میں منہ توڑ جواب دیا، پاکستان نے بھارتی جارحیت کا صرف جواب نہیں دیا بلکہ بازی بھی پلٹ دی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے ہمیں شاندار فتح سے نوازا، حکومت اور عوام اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے باعث تاریخی کامیابی ملی، آرمی چیف نے ثابت کیا وہ فیلڈ مارشل کے ریک کے حقدار ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کو میدان جنگ اور سفارتی محاذوں پر بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا،

عید سے قبل بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی باتیں جھوٹی ہیں، وکیل

کوئی ڈیل ہو رہی نہ ڈیل، خان نے بھارتی جارحیت، دہشتگردی اور معاشی معاملات پر مذاکرات کی حامی بھری ہے، فہیم پنجوتھا

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا ہے کہ عید سے پہلے عمران خان کی رہائی کی باتیں جھوٹی ہیں۔ امن اور دہشت گردی عدالت میں 9 مئی مقدمات کی سماعت کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے عمران خان کے وکیل فہیم حیدر پنجوتھا نے کہا کہ کوئی ڈیل، ڈیل نہیں ہو رہی۔ 3 سال قبل بانی چیئرمین کو آخری کی گئی 3 سال چپ رہیں سب ٹھیک کر دیا جائے گا تو بانی کا جواب تھا کہ 3 سال نہیں، 3 منٹ چپ نہیں رہوں گا۔ فہیم پنجوتھا نے کہا کہ بانی نے 3 ثبات 'بھارت کی جارحیت، دہشت گردی اور معاشی معاملات' پر مذاکرات کی حامی بھری ہے۔

کراچی عدالت میں ایس ایس یو کے سراغ رساں کتوں کے بارے میں اہم انکشافات

کتے بیرون ملک سے تربیت یافتہ ہوتے ہیں ان کے لیے ایئر کنڈیشنڈ کمرے موجود ہیں اور ان کی مناسب دیکھ بھال کی جاتی ہے

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں ملزم آفتاب احمد کی درخواست ضمانت پر سماعت کے دوران دلچسپ مکالمہ اور انوکھے انکشافات سامنے آئے، جب عدالت میں سراغ رساں کتوں، اینٹی سکیورٹی یونٹ کی سرگرمیوں اور ان کے ٹریننگ سسٹم پر تفصیلی سے گفتگو ہوئی۔ کیس کی سماعت جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں ہوئی۔ عدالت میں ملزم آفتاب احمد اور درخواست گزار کے وکیل غیر حاضر رہے، جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا، تاہم پولیس افسر کی مکمل پیروی پر عدالت نے سراہا اور کہا آپ کا یہ نظام میں آنا خوش آئند ہے۔ سماعت کے دوران جسٹس عمر سیال نے پولیس افسر سے استفسار کیا۔

جناح ہاؤس حملہ کیس 247 سرکاری گواہ عدالت میں پیش ہوں گے

پولیس افسران، ریسکیو، میڈیکل اسٹاف، جوڈیشل مجسٹریٹس، پنجاب فرانزک ایجنسی کے ماہرین اور پاک فوج کے اہلکار شامل

لاہور (این این آئی) 9 مئی کے جناح ہاؤس حملہ کیس میں انسداد دہشت گردی عدالت لاہور کی جانب سے فرد جرم عائد کیے جانے کے بعد پراسیکیوشن نے کیس میں مجموعی طور پر 247 سرکاری گواہوں کو طلب کر رکھا ہے۔ میڈیا نے اس حوالے سے اہم دستاویزات حاصل کر لی ہیں۔ دستاویزات کے مطابق گواہوں کی فہرست میں پولیس افسران، ریسکیو اہلکار، میڈیکل اسٹاف، جوڈیشل مجسٹریٹس، پنجاب فرانزک ایجنسی کے ماہرین اور پاک فوج کے اہلکار شامل ہیں۔

TEVTA
GOVERNMENT OF THE PUNJAB

گورنمنٹ آف دی پنجاب

ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی گورنمنٹ اپرنٹس ٹریننگ سنٹر

سرگودھا روڈ فیصل آباد فون نمبر: 041-9330707

اشتہار برائے بھرتی ڈیلی ویجز/وزیٹنگ انسٹرکٹر

خواہشمند ہنرمند اور اپرنٹس ڈیلی ویجز کے پتہ پر اپنے کوائف مورخہ 14-06-2025 تک جمع کروا سکتے ہیں۔ آسامیوں کی تفصیل

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامی	عمری حد	تعلیمی قابلیت/تجربہ
1	انسٹرکٹر ٹیکنیکل وزیٹنگ	01	18-40 سال	حفاظت ٹریڈ میں DAE بمعہ Computer literate (کمپیوٹر لٹریچر) بمعہ تجربہ یا انٹر بمعہ G-II لیول ٹیکنیکل کورس بمعہ تجربہ بمعہ Computer literate (کمپیوٹر لٹریچر)
2	ورکشاپ اٹینڈنٹ	01	18-35 سال	مڈل۔ تجربہ کار کو ترجیح دی جائے گی

1 امیدوار کو بذریعہ فون کال اطلاع کی جائے گی (اپنی درخواست پر ٹیلیفون/موبائل نمبر ضرور درج کریں)

پرنسپل: گورنمنٹ اپرنٹسز ٹریننگ سنٹر، سرگودھا روڈ فیصل آباد

آرمی چیف کے بیان پر خوشی، نکاح قانون پر اہلحدیث کا اعتراض

مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان 18 سال سے کم عمری شادی کے قانون کی بھرپور مخالفت کرتی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے امیر مولانا عبد الرشید غازی حافظ محمد یونس آزاد سبحانی شاہ نقوی خانقاہ محمود اعظم آبادی حرم محمد عبداللہ و دیگر نے فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کے حالیہ بیان پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم کی آنکھیں تر گئی ہیں حقیقی اسلامیہ جمہوریہ پاکستان کو دیکھنے کے لئے جس ملک کی بنیادوں میں کلمہ طیبہ کے نام پر لاکھوں شہدا کا خون شامل ہے اسی پاکستان میں انصاف بکتا نظر آتا ہے غریب عوام کو بھیڑ بکریاں سمجھ کر ان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

9 مئی کرنے والوں کو سزا ضرور ملنی چاہئے' عبدالغفور بٹ

201 میں میاں نواز شریف کے خلاف سازش کرنے والے اب بے نقاب ہو رہے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن سٹی یوتھ ونگ فیصل آباد کے سابق صدر و رہنما عبدالغفور بٹ نے کہا ہے کہ 2017 میں میاں نواز شریف کے خلاف سازش کرنے والے اب بے نقاب ہو رہے ہیں 9 مئی کرنے والوں کو سزا ضرور ملنی چاہئے، پی ٹی آئی کو سیاسی جماعت نہیں تھی بلکہ نیازی ٹولے ایک ترقی اور خوشحال کی جانب گامزن ملک ایک سازش کے تحت سیاسی بحران کی طرف دھکیلا، اقتصادی پالیسیوں کے ساتھ موافقی ماحول نہیں ملتا تو پالیسیاں فیل ہو جاتی ہیں۔ اگر ہم نے 10 مئی کی کامیابی کو برقرار رکھنا ہے تو مضبوط معیشت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)

دبئی میں گداگری کے الزام میں 41 غیر ملکی گرفتار

گروہ کے تمام افراد ہوٹل کے کمرے کو گداگری کی سرگرمیوں کے لیے ٹھکانے کے طور پر استعمال کرتے تھے

دبئی (این این آئی) دبئی پولیس نے گداگری کے منظم گروہ کے 41 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ کارروائی جنرل ڈیپارٹمنٹ آف کرمنل انویسٹی گیشن کے تحت الصباح کے عنوان سے شروع کی جانے والے ٹاسک سیکورٹی آپریشن کا حصہ ہے۔ دبئی پولیس کا کہنا تھا کہ گروہ کے تمام افراد ایک ہی ہوٹل میں قیام پذیر تھے جسے وہ منظم گداگری کی سرگرمیوں کے لیے ایک ٹھکانے کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ ان کے قبضے سے 60 ہزار درہم برآمد ہوئے ہیں۔ کال سینٹر 901 پر ملنے والی ایک اطلاع میں بتایا گیا تھا کہ بعض لوگ نماز کی تسبیح اور دیگر لوازمات کی فروخت کے دوران بھیک مانگتے نظر آئے ہیں۔ اس اطلاع پر مانیٹرنگ ایڈوائزری سینٹر کے تحت اس مقام کی نگرانی شروع کی۔ تین عرب شہریوں کو اشیا کی فروخت اور لوگوں سے بھیک مانگتے ہوئے دیکھا گیا۔ انہیں موقع پر ہی حراست میں لیا گیا۔

سعودی ولی عہد اور کینیڈین وزیراعظم کا رابطہ، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

دونوں رہنماؤں کا مشرق وسطیٰ کی صورتحال کا جائزہ لینے، علاقے میں پائیدار امن کی ضرورت پر اتفاق

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے شہزادہ محمد بن سلمان اور کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی کے درمیان ٹیلی فونک رابطے میں دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق دونوں رہنماؤں نے سعودی عرب اور کینیڈا کے درمیان تعاون کے امکانات اور تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے کے مواقع کا جائزہ لیا۔ رابطے کے دوران مشرق وسطیٰ کی صورتحال کا جائزہ لینے، علاقے میں پائیدار امن کی ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔ کینیڈین دفتر کے جاری بیان کے مطابق ولی عہد اور کارنی نے ریاض اور ابوظہبی کے درمیان تواتر کے ساتھ خیال کیا گیا۔ واضح کارنی نے جسٹن ٹروڈو کے استعفے کے بعد مارچ میں وزیراعظم کے عہدہ سنبھالنے کے بعد مئی کے انتخابات کے میں کامیابی حاصل کی تھی۔

دانش مندی یہ ہے کہ ہم اپنی زندگیاں قرآن وسنت کے مطابق بسر کریں۔ امیر عبدالقدیر اعوان

آج جو جتنی دین پر بحث کرتا ہے ہم اسے اتنا دانش مند سمجھتے ہیں جو درست نہیں ہے

لیصل آباد (سٹاف رپورٹر) دانش مندی یہ ہے کہ ہم اپنی زندگیاں قرآن وسنت کے مطابق بسر کریں۔ امیر عبدالقدیر اعوان آج جو جتنی دین پر بحث کرتا ہے ہم اسے اتنا دانش مند سمجھتے ہیں جو درست نہیں ہے۔ ساری کی ساری دانش مندی اور عقل مندی دین اسلام کے تحت ہے، کلام ذاتی کے تحت ہے۔ دانش مندی بھی اللہ کی عطا ہے جسے چاہے عطا فرما دے۔ ہم داشور کا خطاب اس بندے کو دے رہے ہوتے ہیں جو عین دین پر بحث کر رہا ہوتا ہے۔ یہ دانش مندی نہیں صرف نقصان ہے۔ جب حقائق سامنے آتے ہیں پھر بندہ کو وہ جھوٹ جو وہ اپنے آپ سے بول رہا ہوتا ہے جانتا رہتا ہے اور یہ حقائق موت کے وقت ہی سامنے آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ ایک ایک غلطی سامنے آنا شروع ہو جاتی کہ میں نے کہاں اور کیا غلط کیا۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب ذاتی مسائل سے لے کر عالمی اور معاشرتی تمام مسائل کا حل اللہ کریم نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔ ہمیں صرف قرآن وسنت سے رجوع کرنے کی ضرورت ہے۔ نبی کریم ﷺ کو جو مبارک زندگی بسر فرمائی ہے اور عملی زندگی کے ہر پہلو کی راہنمائی ہمیں سنت طیبہ الامام سے حاصل ہو رہی ہے۔ اگر یہ سمجھ نصیب ہو جائے کہ میرے لیے راہ ہدایت صرف اور صرف قرآن وسنت ہے پھر دنیا و آخرت میں آسانی ہو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 52)

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے

اثر ورسوخ بڑھانے کیلئے افغان شہریوں کیلیے نیا ویزا سسٹم متعارف

بھارت یہ اقدام افغانستان میں اپنا سیاسی و معاشی اثر و رسوخ بحال کرنے کی نیت سے کر رہا ہے، رپورٹ

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبانی سیاسی صورت حال اور پاکستان کے ساتھ بڑھتے تعلقات سے تائف بھارت نے افغان شہریوں کیلیے جاری ایمرجنسی ویزا کا سلسلہ ختم کرتے ہوئے ایک نیا ویزا سسٹم متعارف کرا دیا ہے۔ بھارتی ٹی وی نے بتایا کہ بھارتی وزارت خارجہ کے مطابق، اس نئے نظام کے تحت افغان باشندے اب چھ مخصوص اقسام کے ویزوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ پروٹس کے مطابق بھارت نے 2021 میں اس وقت ایمرجنسی ویزا متعارف کرایا تھا جب طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد افغانستان میں سیاسی بحران شدت اختیار کر گیا تھا، اور ہزاروں افغان شہری ملک سے باہر نکلنے کی کوششوں میں مصروف تھے۔ تاہم اب بھارت نے اس عارضی ویزا ماڈل کو ختم کرتے ہوئے ایک نیا مستقل نظام نافذ کیا ہے۔

از دفتر مارکیٹ کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ

نیلامی ٹھیکہ ریٹ لسٹ سبزی، پھل، گوشت وانڈے وغیرہ برائے مالی سال 2025-26ء

مارکیٹ کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ اپنے ٹوئینٹا ایریا میں روزانہ کی بنیاد پر سبزی، پھل، گوشت وانڈے وغیرہ کی ریٹ لسٹ دوکانداروں و ریڑھی والوں کو تقسیم کرنے کا ٹھیکہ برائے سال 2025-26، 01-07-2025 تا 30-06-2026 مورخہ 17-06-2025 بروز منگل بوقت 11 بجے دن، بمقام دفتر مارکیٹ کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ نیلام کر رہی ہے۔ مارکیٹ کمیٹی میں رجسٹرڈ فرم ہائے/حضرات یوبی سے قبل کال ڈیپازٹ کی صورت میں زرضمانت مبلغ 200000/- روپے (دو لاکھ روپے) بحق مارکیٹ کمیٹی جمع کروانے ہوں گے، زرضمانت کے ہمراہ قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی بھی فراہم کرنا ہوگی۔ نیز رجسٹریشن فیس مبلغ 5000/- روپے (ناقابل واپسی) ہوگی۔ خواہش مند حضرات/فرم کی رجسٹریشن نیلامی سے ایک گھنٹہ قبل تک ہو سکے گی۔ رجسٹریشن کیلئے درخواست دہندہ شناختی کارڈ، بینک اسٹیٹمنٹ اور ٹیکس سرٹیفکیٹ لف کرنے کا پابند ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ کل رقم کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ بقیہ رقم بذریعہ اقساط کے کراس چیک ایڈوانس جمع کروانے کا۔ کسی بھی مارکیٹ کمیٹی کا نادہندہ ٹھیکیدار اس ٹھیکہ میں حصہ نہ لے سکے گا اس ضمن میں بولی دہندگان اطلاع پر بیان حلفی دینے کے پابند ہوں گے۔ انتظامیہ کو نیز نیلام کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ جو چاہے نیلامی کو مسترد کر دے۔ کامیاب بولی دہندہ/اکم ٹیکس و دیگر ٹیکسز بمطابق مروجہ قوانین ہوگا/ہوں گا۔ اگر مزید کوئی ٹیکس حکومت لاگو کرے گی تو وہ بھی ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ شرائط نیلام اور ٹھیکہ کی بابت کسی قسم کی معلومات دفتری اوقات کار کے دوران دفتر مارکیٹ کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

نوٹ: اگر مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی مورخہ 23-06-2025 بروز سوموار بوقت 11 بجے دن ہوگی۔ اگر بولی مورخہ 23-06-2025 کو بھی نہ ہو سکی تو پھر بروز 26-06-2025 بروز جمعرات بوقت 11 بجے دن کو ہوگی۔ جس کی کوئی علیحدہ اطلاع نہ دی جائے گی۔

الشتہر: منور حسین کملانہ سیال ایڈمنسٹریٹر مارکیٹ کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ

IPL:2259

بقیہ نمبر 1

مرکزی کنٹرول 15 لیٹر میں نصب فعال ہو جائے گا تبکہ تمام مشینری کی ایکٹیو پیٹی بھی کام کرے اور صوبوں سیزن میں شہریوں کو ٹھاٹھ آب کے حوالے سے پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

بقیہ نمبر 2

کوخش آمد ید کہا اور کالونی کے ساتھ موجودہ حالات کا جائزہ پیش کیا۔ اور چناب ویلفیئر گروپ کی گزشتہ تین سالہ خدمات کو سراہا ہوئے کہا کہ کالونی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

بقیہ نمبر 3

ہوا ہے واقعے کے ذمہ داران کی نشاندہی کرے انہیں قرار واقعی سزا دلوائی کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے دہشت گردوں سے اپنے علاقے کا دفاع کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہدایت علی بلیدی کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ نمبر 4

ہے لطف اندوز ہوتے ہیں، موجود دور میں صحت کی بربادی میں سب سے بڑا ہاتھ فاسٹ فوڈ جس میں بیئرز، شوارما اور بازاری مشروبات کا ہے۔

بقیہ نمبر 5

بنانے والوں میں سلطنتِ مغلیہ کا کردار تاریخ میں سنہری الفاظ میں بھیٹہ یاد رہے گا تمکین آج آئین کو بس پشت رکھ کر پارلیمان اور دیگر اداروں کو چلایا جارہا ہے۔ جس سے ملک میں عدم استحکام سیاسی اور معاشی بحران جنم لے رہے ہیں ملک کا بجٹ آئی ایم ایف کے دباؤ میں تیار کیا جارہا ہے جس میں سرمایہ دار اور جاگیردار طبقات پر ٹھاٹھ ڈالنے کے بجائے ٹیکس کا تجزیز دیندار اور عام محرومین پر ٹیکسز لگائے جارہے ہیں۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اسمبلیاں سب فروخت کی گئی ان میں عوام کے نمائندے کم اور فارم 47 سلیکٹ کردہ افراد کو بھٹا دیا گیا ہے جو عوام کے مفادات کا سودا کررہے ہیں اور ذاتی مفاد کو ترجیح دے رہے ہیں ہماری صوبائی اور وفاقی تکوشیں غیر آئینی ہیں ان نمائندوں کو ہم پر مسلط کیا گیا ہے جو ایوانی لیڈر کی رائے کی نفی کررہے ہیں۔ سپیکر جیل کے ساتھ ہونے والے سلوک کو ہم سب نے دیکھا کہ کم مرکی شادی کا بہانہ بنا کر حکومت نے جو جیل پارلیمنٹ سے پاس کیا وہ اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے جمعیت نے ملک کے خلاف اسکیل کے اندر سیاسی جدوجہد کی ہے اور ہر فرم پر اسکے خلاف تحریک چلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بیکرز اور ٹھیکیداروں اور تاجروں کو ٹیکس کا بوجھ ڈالا گیا ہے جو ظلم ہے ہم اس کے خلاف آواز اٹھائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بزدل دشمن پر حملہ آور ہو کر شکست کے بعد ساتھ اپوف کا نشانہ بنا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 6

نے کہا کہ بھٹی انہوں دستان کے دہشتگردوں کا بزدلانہ حملے کی بھرپور مذمت کی جاتے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے سرکاری افسر پر حملہ اور املاک کو آگ لگا کر ریاستی رٹ کو چیلنج کیا ہے۔ محسن دہشتگردوں کو ڈھونڈ کر عبرتناک انجام تک پہنچائیں گے۔ وزیراعظ نے کہا کہ بزدل دشمن پر محاذ پر شکست کے بعد ساتھ اپوف کا نشانہ بنا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 7

موجودہ عالمی نظام کی بنیادوں کو ہلا رہے ہے۔ باگ کا گھ حکومت نے اس بی بین الاقوامی عالمی تنظیم کو ایسے بین الاقوتی پلیٹ فارم کے طور پر پیش کیا ہے جو طاقوں کے درمیان اختلافات اور تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنے کیلئے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسحاق زادہ نے آئی او میڈ کنوشن میں دخطوط کی تقریب کے انعقاد پر چینی ہم منصب کے مبارکباد دی جبکہ داگ ای ای دخطوط کی تقریب میں شرکت پر اسحاق زادہ کا شکریہ ادا کیا۔ ترجمان خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کی 10 دن میں یہ دوسری ملاقات ہے جس میں تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ اس ملاقات میں پاک چین ایکس دوستی اور تزویراتی شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی فیصلوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ کی ملاقاتی دعالی امور پر تبادلہ خیال بھی کیا۔

بقیہ نمبر 8

کیلئے ٹریک پیلس، سطحی ڈسپوسٹ اتھارٹی مشترکہ حکمت عملی اپنائے۔ بڈی گلڈز ڈسپوسٹ کو شہر میں کسی صورت داخلہ کی اجازت نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع میں کسی جگہ غیر قانونی مویشی منڈیوں کے قیام کی اجازت نہیں۔ مویشی منڈیوں میں کوئی پرچی فیس نہیں وصول کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق اسلام آباد کی جانب سے غیر قانونی رہنے والے غیر ملکی و افغانی کو گرفتار کیا جائے گا۔ ایسٹیلیشن کے ساتھ تعاون بھیشہ بے مثال رہا ہے۔ گذشتہ برس کی نسبت 2025 کیلئے سعودی حکومت کے جج انتظامات پہلے سے زیادہ بہتر اور عمدہ ہوں گے۔ حاجیوں کیلئے بہترین انتظامات کرنے پر خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد محمد بن سلمان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور اس سال عرفات اور منیٰ میں بھی حجاج کو پہلے سے بہتر سہولیات میسر ہیں۔ اس پر حکومت سعودی عرب اور وزیر حج سید مبارک بادکے مستحق ہیں۔ مرکزی علماء کونسل پاکستان نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانی عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سعودی حکومت سے جج کے تصرح کے لیفرج کے اوانہ کریں۔ جن لوگوں نے حج فرض ہے وہ حج کی ادائیگی اجازت حاصل کرنے کے بعد ہی حج پر جانا چاہئے۔ حجاج کرام کھوئی قلم و شیڈ کی مکمل پاسداری کریں۔ دوران حج کسی قسم کی بدعتوں، لوٹائی، تجزیہ، اشتعال انگیزی اور فضول بحث میں مبتلا نہ ہوں بلکہ سعودی قوانین کا احترام کرتے ہوئے حج کے ایام گزاریں۔

بقیہ نمبر 14

بھی جھیلیں نکل رہی ہیں۔ مالی سال 19 مالی سال 24 کے درمیان اوسط کینوں میں اضافے کی وجہ سے ایس این پی ایل کے مالی نقصانات کا اگورا کا تعین، بتیہ حکومت نے سیاسی رڈمل کے خوف سے صارفین کو مکمل طور پر تحفظ نہیں کیا، مالگی سال کیلئی کی کیس کی ٹیکسوں میں 100 فیصد تک اضافہ کرنے پر مجبور کردے گا۔ پیلغار پارٹی شعبہ خواتین کی ضلعی صدر رخسانہ قمر نے کہا کہ اوجڑی کیمپ کے حادثے میں کھوکھر مہنگائی سے متاثرہ کیس صارفین سے ایک سال میں پوری رقم وصول کرنے کے بجائیا سے چند سال میں پھیلا دے۔ گلگت کے اوجڑ والے مجیبن کی ایم ایف پوری کوشش کرے گا کہ بجلی اور گیس کی قیمتیں اتنی زیادہ کروانے میں کامیاب ہوجائے جس سے صنعتکار اپنے کارخانے بند کردیں اور ہر فرف بھوک افلاس کے دیرے میں، جس سے کسی کو فائدہ نہ ہو سے ایم ایف اور ہمارے دشمنوں کو فائدہ ضرور ہوگا۔

بقیہ نمبر 15

قائد عوام بھٹو بے ظہیر اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی جانب سے دیا ہوا اسلامی ایٹم بم اور اسلامی میزائل ٹیکنالوجی کا تحفہ پاکستانی قوم کے لئے عزت و وقار کی علامت بن گیا ہندوستان پوری دنیا میں ذلیل و خوار ہوگا میاں نواز شریف کے مندے سودی کے خلاف ایک لفظ تک نہ نکلا 28 مئی پاکستانی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش دن ہے۔

بقیہ نمبر 16

ضروری امور کے بارے میں جامع حکمت عملی وضع کرنے کی ہدایت کی۔ میٹنگ میں ٹکایات کے فوری ازالے کے لیے تمام متعلقہ افسران سمیت چھیلوں کے ایڈیٹ ایس ڈیوٹی پر موجود ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ عید کے موقع پر لاکھوں شہری سفر کرتے ہیں، ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم ان کی سہولت کو ترجیح دیں، متعلقہ افسران اور ایلکروں کی چھیلاں مسنوع کردی ہیں تاکہ عوام کو ٹرانسپورٹ کرایوں میں کسی قسم کی زیادتی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ عید کے موقع پر عوام کی مجبوری کا فائدہ اٹھائے، جو بھی بیگ ٹرانسپورٹ میں اضافی کرایہ وصول کرتا ہوا پایا گیا۔ اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ عوام سرکاری مقرر کردہ کرایوں سے زیادہ ادا نہ کریں، اضافی کرایہ لینے والوں سے متعلق فوری طور افسران کو آگاہ کریں۔

بقیہ نمبر 26

پھر کی بستی بوہڑ کے رہائشی محمول برادری کے تعلق رکھنے والے بھائی عمیر نے فروخت ترک کے کیلئے بگھ بھاجت لے جارہے تھے کہ ترک کے کوٹلہ حسن شاہ کے قریب ان کے لوڈر رکشہ کو ٹکر ماری جس سے دو سگے بھائی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ ایک زخمی ہوگیا ہے، حادثہ میں تین بھینی بکری بھی ہلاک ہوئے۔ ریسکیو 1122 نے ڈیڈ باڈیز اور زخمی کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال راجن پور منتقل کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 27

دیگرہ نے اڈے، جناح کالونی کے قریب ابراہیم بے لیپ ٹاپ دفون، محلہ شاہ فجی کے غلام رسول سے چھیلا کرفون، صدر بازار اقلام محمد آباد کے فقیر محمد سے 12 ہزار، طلائی انگوٹھی، محلہ سعید آباد کے قریب کاشت علی سے 10 ہزار دفون، راجن پور کے قریب تو چھوٹی کی دکان سے بھاری مالیت کا سامان چوری، نصیر آباد کے امیر حمزہ سے نقدی دفون، کرین ٹاؤن کے احمد تو فیر سے 10 ہزار دفون، ملت کالونی کے قریب فاروق سے 22 ہزار دفون، بھائی والا کے یوسف سے 70 ہزار دفون، ملتان ٹاؤن کے محبوب پولس سے 30 ہزار دفون، ہاوا چک کے رضوان علی سے 15 ہزار دفون، 195 کے حسن عباس کے گھر کے باہر سے 2 بکرے، 165 کے جاوید سے اختر سے 16 ہزار دفون، سوک سنٹر کے قریب عامر سے بیگ چھین لیا۔

بقیہ نمبر 28

کرارداد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں چینگ میں پاکستان، چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کی غیر رسمی ملاقات کامیاب رہی۔ پاکستان نے چین کی ثالثی کو مجزیز قبول کرتے ہوئے افغانستان کے ساتھ سفارتی تعلقات کو سطح تک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ چینی وزیر خارجہ اور کیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن وانگ لی نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ سفارتی تعلقات میں بہتری سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مستحکم ہوں گے، اعتماد بڑھے گا اور تعاون مضبوط ہوگا۔ وانگ لی نے کہا کہ چین ہوائی میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھالنے اور بین الاقوامی امن وسلامتی میں کردار ادا کرنے میں افغانستان کی حمایت کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 29

درخواست منظور کرلی اور درخواست منظور

بعدالله جناب مہرشوکت علی ساہیل
تحصیلدار صاحب جھنگ / افسر دیہی
مرکز مال گاٹھوکی مکھیانہ / اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ
تصدیق انتقال وراثت موضع وچھلاں تحصیل ضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ حال رشید احمد ولد محمد خان کے ورثاء حال محمد رشید احمد ولد محمد خان کے تاوان فقد حنیف مع محمد رشید، مقام خانوں والدین بیٹی محمد فقیر، مقام خانوں فقد حنیف، نصرت اللہ ولد محمد پیلے ولد فقیر، نصرت اللہ ولد محمد پیلے ولد فقیر، نصرت اللہ ولد محمد پیلے ولد فقیر

واسا فیصل آباد کے نکاسی آب انتظامات مکمل، مون سون میں ریلیف کی یقین دہانی

سیوریج لائنوں کی مجموعی لمبائی 2110 کلومیٹر ہے جن کی ڈی سلٹنگ مکمل کی جا رہی ہے اسی طرح چار نئے ڈسپوزل اسٹیشن تعمیر کئے گئے ہیں

ڈی ایم ڈی سروسز اکرام اللہ چوہدری نے مون سون سیزن بارے تیاریوں، مشینری اور گاڑیوں کے فعال ہونے سمیت دیگر امور بارے بریفنگ دی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بیرسٹر سلطان باجوہ نے کہا ہے کہ واسا فیصل آباد نے موسم برسات کے دوران نکاسی آب کی معیاری سروسز کی فراہمی کے لئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے ہیں، تمام مشینری فعال جبکہ ڈسپوزل اسٹیشن پر بجلی کے متبادل انتظامات بھی کئے گئے ہیں۔ انہوں نے ہیڈ آفس میں میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں نکاسی آب کی بہترین سروسز پر فوکسڈ ہیں اور ایک جامع اور موثر پلان کے تحت واسا فیصل آباد نے گزشتہ ایک سال کے دوران نکاسی و فراہمی آب کی سروسز ڈیلیوری کے حوالے سے بہت زیادہ امپروومنٹ کی ہے اور اس وقت واسا فیصل آباد پنجاب بھر کے تمام واساز میں کارکردگی کے لحاظ سے سرفہرست ہے۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے مزید کہا کہ مون سون پلان کے تیاری کے سلسلے ڈرینج نالوں اور سیوریج لائنز کی ڈی سلٹنگ مکمل ہو چکی ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

چین نے دوست ممالک کی حمایت سے بین الاقوامی ثالثی تنظیم کی بنیاد رکھ دی

اسحٰق ڈار کی آئی او میڈ کنونشن میں دستخط کی تقریب کے انعقاد پر چینی ہم منصب کو مبارکباد، تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا

ہانگ کانگ (این این آئی) چین نے دوست ممالک کی حمایت سے ایک نئی بین الاقوامی ثالثی تنظیم کی بنیاد رکھ دی۔ اس موقع پر ہانگ کانگ میں منعقدہ دستخط کی تقریب میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے شرکت کی۔ ہانگ کانگ میں بین الاقوامی ثالثی تنظیم کی افتتاحی تقریب میں چین سمیت 32 دستخط کنندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر 80 سے زائد ممالک اور 20 بین الاقوامی تنظیموں نے اپنے نمائندے بھیجے تھے۔ اس نئی تنظیم کا قیام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے کہ جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی امریکا پہلے کی پالیسی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

ضلع میں کسی جگہ غیر قانونی مویشی منڈیوں کے قیام کی اجازت نہیں

عید پر مرغی کے گوشت سمیت دیگر اشیاء کی اوور چارجنگ پر گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا اعلان بھی کیا گیا

شاہراؤں پر حادثات کی روک تھام بڑا چیلنج، کنٹرول کیلئے ٹریفک پولیس، ضلعی ٹرانسپورٹ اتھارٹی مشترکہ حکمت عملی اپنائے، ڈپٹی کمشنر

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی نے عید قرباں پر صرف رجسٹرڈ مدارس کو کھالیں اکٹھی کرنے کی اجازت کے فیصلہ پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا فیصلہ کر لیا۔ اس کے ساتھ عید پر مرغی کے گوشت سمیت دیگر اشیاء کی اوور چارجنگ پر گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا اعلان بھی کیا گیا۔ پبلک ٹرانسپورٹ اڈوں پر قائم غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف بھی بلا تفریق کارروائی کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ ضلع میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کا دائرہ کار وسیع اور تیز کیا جائیگا، یہ فیصلے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں کئے گئے۔ لیفٹیننٹ کرنل عدیل، سی پی او صاحبزادہ بلال عمر، اے ڈی سی طیب سمیع بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اجلاس میں ضلعی محکموں کے افسران نے ٹاسکس پر عملدرآمد اور کارکردگی بارے بریفنگ دی اس موقع پر معرکہ حق کے دوران بھارت کو عبرتناک شکست پر پوری قوم کو مبارکباد دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا اس موقع پر کہنا تھا کہ شاہراؤں پر حادثات کی روک تھام بڑا چیلنج، کنٹرول (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

فیصل آباد: رحمتہ انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے صدر ویمن چیمبر آف کامرس شاہدہ آفتاب، سی ای او فیصل آباد انٹرنیشنل تسنیم اختر، میمونہ عمران، کرسٹن، گلناز خالد، ندا گیلانی، ڈاکٹر سعدیہ ظفر، شازیہ ذبیح اللہ و دیگر خطاب کر رہی ہیں

محسن نقوی کا شہید اے ڈی سی ریونیو ہدایت بلیدی کو خراج عقیدت پیش

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو ڈھونڈ کر عبرتناک انجام تک پہنچائیں گے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی نے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہونے والے اے ڈی سی ریونیو ہدایت بلیدی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ جاری بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شہید افسر ہدایت بلیدی نے جان دے کر فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ شہید افسر ہدایت بلیدی کی عظیم قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید افسر ہدایت بلیدی کے اہلخانہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ محسن نقوی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

وزیر اعظم کا جام شہادت نوش کرنے والے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہدایت اللہ بلیدی کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے سوراب، بلوچستان میں دہشتگردی پھیلانے والے عناصر کی جانب سے بیک، معصوم شہریوں اور انتظامیہ کے افسران پر بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

ویلفیئر گروپ چناب گارڈنز کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی خدمات جاری رکھے گا

کامیاب جلسہ کے بعد میں ویلفیئر گروپ کو جیت کی ایڈوانس مبارکباد پیش کرتا ہوں سیف اللہ گل

سیکورٹی، پارک سمیت تمام بنیادی ضرورتوں کو مزید بہتر بنائے گے نامزد صدر میاں محمد حسیب

نامزد نائب صدر ریان الفضل گجر، نامزد جنرل سیکرٹری، جواہت سلیم بندیشہ، میاں فیصل مجید، رانا ضرار احمد خان، منیر و دیگر کا خدمت جاری رکھنے کا عزم

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) میاں فیصل مجید چناب ویلفیئر پلیٹ فارم کے زیر اہتمام اے بلاک میں ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، سٹیج سیکرٹری کے فرائض محترم منیر نے ادا کیے استقبالیہ خطاب میاں فیصل مجید نے کیا۔ انہوں نے مہمانان گرامی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

فیصل آباد: ویلفیئر گروپ چناب گارڈنز کے الیکشن جلسہ سے نامزد صدر میاں محمد حسیب، مہمان خصوصی سابق ایم پی اے سیف اللہ گل، نامزد نائب صدر ریان الفضل گجر، نامزد فنانس سیکرٹری جواہت سلیم بندیشہ، میاں فیصل مجید، رانا ضرار احمد خان و دیگر خطاب کر رہے ہیں

احسن اقبال کا چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ کے اعزاز میں ظہرانہ

علاقائی امن و استحکام میں پاکستان کا کردار قابل تحسین، سی پیک علاقائی فلیگ شپ منصوبہ ہے، چینی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاک چین دوستی اعتماد اور باہمی احترام پر مبنی ہے، چین نے ہر نازک وقت میں پاکستان کا چٹان کی مانند ساتھ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ کے اعزاز میں ظہرانہ دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ گوادر بندرگاہ کو مکمل طور پر قومی گرڈ سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورے خطے کیلئے خوشحالی کا دروازہ بنے گا، سی پیک پاکستان کی معاشی تبدیلی اور علاقائی انضمام کا انجن ہے۔

مون سون کے دوران شدید بارشوں سے نمٹنے کیلئے حکومت این ڈی ایم اے کو بروقت تیار کرے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ رواں سال مون سون کے دوران شمال مشرقی پنجاب، کشمیر اور ملک کے وسطی و جنوبی علاقوں میں معمول سے زیادہ بارشیں متوقع ہیں، اس سال توقع ہے کہ مون سون کا سیزن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

محکمہ لائیوسٹاک کا عملہ 24 گھنٹے عوام کی خدمت کیلئے کوشاں ہے

شہریوں کو عید قربان کے حوالے سے جانوروں کی خریداری کے حوالے سے تاکید کی، ثاقب علی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب ثاقب علی سطیل کی خصوصی ہدایات پر محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ (L&DD) ڈویژن فیصل آباد کی جانب سے عید الاضحیٰ کے حوالے سے خصوصی مویشی منڈیوں اور سیل پوائنٹس کنٹرول روم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ان کنٹرول روم کے قیام کا مقصد عید الاضحیٰ کے موقع پر قائم کی جانے والی مویشی منڈیوں، سیل پوائنٹس، انٹر ڈسٹرکٹ چیک پوسٹس پر تعینات ویٹرنری سٹاف کی جانب سے چیچڑ، مکھی اور مچھر مار مہم کی مانیٹرنگ کے ساتھ ساتھ شہریوں کو عید الاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کے علاج معالجہ بارے بروقت سہولیات فراہم کرنا ہے۔

سوراب، دہشتگردوں کا حملہ، اے ڈی سی ریونیو ہدایت اللہ بلیدی شہید، بینک لوٹ لیا گیا، عمارتیں نذر آتش

کوئٹہ (اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع سوراب میں دہشتگردوں کا حملہ، فائرنگ کے تبادلے میں اے ڈی سی ریونیو ہدایت اللہ بلیدی شہید، بینک لوٹ لیا گیا، عمارتیں نذر آتش کر دی گئیں۔ ترجمان حکومت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

فیصل آباد: کیتھولک بشپ ڈاکٹر اندریاس رحمت ویٹی کن میں پوپ لیو سے خصوصی ملاقات کے موقع پر سندھی اجرک کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

آئین کو پس پشت رکھ کر پارلیمان اور دیگر اداروں کو چلایا جا رہا ہے، سابق صوبائی وزیر سردار حفیظ لونی

لولائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما، سابق صوبائی وزیر سردار حفیظ لونی نے کہا ہے کہ ملک کو اگر بچانا ہے تو پھر فوری عام الیکشن کا اعلان کیا جائے، ملک خطرے سے دوچار ہے، آئین محض کاغذ کا ٹکڑا نہیں اسے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

صحت مند لوگ ہی معاشرے کی دلچسپیوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں

والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کو کسی صورت میں بھی ناشتہ کے بغیر گھروں سے باہر نہ نکلنے دیں، ڈاکٹر جاوید

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) بیژہ، برگر، شوارما، فاسٹ فوڈ، بازاری مشروبات سرمایہ کے ضیائع اور صحت کی بربادی کا ذریعہ ہیں، سادہ اور متوازن خوراک استعمال کرنے والے بیماریوں سے محفوظ اور زندگی کی رعنائیوں سے بھرپور فائدہ حاصل کرتے ہیں، نور محمد انصاری انڈسٹریل سکول، سوشل ویلفیئر سوسائٹی غلام محمد آباد ناشتہ اور سادہ خوراک صحت مند زندگی کی علامت تقریب سے ماہر خوراک، استاد الاساتذہ اور متعدد فوڈ سائنس کتابوں کے مصنف پروفیسر ڈاکٹر جاوید عزیز اعوان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند لوگ ہی معاشرے کی دلچسپیوں اور رعنائیوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

عوام کی محبت ہی میرے لیے پرائیڈ آف پرفارمنس ہے، مسعود بٹ

حکومت کو سینما انڈسٹری کو بچانے کے لیے عملی اقدامات کرنے چاہئیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پریس کلب میں منعقدہ تقریب میں مہمان خصوصی مرکزی صدر کلاتھ بورڈ اتحاد گروپ الحاج نصیر یوسف وہرہ، مہمان اعزاز مسعود بٹ عرف سودی بٹ انٹرنیشنل فلم ڈائریکٹر، مہمان اعزاز شاہد علی صدر فیصل آباد پریس کلب، عدنان بٹ اداکار، عامر دیوانہ رائٹر، ڈائریکٹر اداکار و دیگر پریس کانفرنس کے بعد مہمانوں کی تاج پوشی کر رہے ہیں پاکستان فلم انڈسٹری کے سینئر ہدایتکار مسعود بٹ عرف سودی بٹ نے کہا ہے کہ اگر حکومت کو میری کارکردگی نظر نہیں آ رہی تو میں کیا کر سکتا ہوں، عوام کی محبت ہی میرے لیے پرائیڈ آف پرفارمنس ہے۔ مسعود بٹ نے صدر پریس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

افواج پاکستان بھارت کا خوب بندوبست کر رہی ہے

سندھ طاس معاہدہ کی خلاف ورزی کو ہر صورت روکا جائے گا، عادل حسین گجر

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری پرویز اشرف، ڈویژنل صدر آزاد کشمیر پی پی پی فیصل آباد چوہدری خادم حسین نے کہا ہے کہ افواج پاکستان بھارت کا خوب بندوبست کر رہی ہے سندھ طاس معاہدہ کی خلاف ورزی کو ہر صورت روکا جائے گا مودی کسی گھمنڈ میں نہ رہے اعزت دینے والی رب کی ذات ہے دس مئی فتح یوم معرکہ حق کے موقع پر پوری دنیا میں کھلی آنکھوں کے ساتھ دیکھا کے شہید (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

غریب عوام کو بجٹ میں فوری ریلیف دیا جائے

بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھنے کا خدشہ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی ضلعی صدر رخسانہ قمر نے کہا کہ غریب عوام کو آنے والے بجٹ میں خدا کے لئے کچھ تو ریلیف دیجئے میاں شہباز شریف صاحب جھوٹے دعوے اور وعدے نہ کیجئے ایک طرف حکمران پہلے ہی نئے مالی سال سے گیس اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے منصوبے تیار کیے بیٹھے ہیں دوسری طرف آئی ایم ایف بھی ڈومور کا مطالبہ کر رہا ہے۔ عوام تو عوام صنعتکاروں کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

حجاج کرام حج کے موقع پر حکومت سعودی عرب کے قوانین کا احترام کریں

پاکستان کی نیک نامی کا باعث بنیں۔ حج کے دوران اختلافی مسائل پر بحث سے گریز کریں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) حجاج کرام حج کے موقع پر حکومت سعودی عرب کے قوانین کا احترام کریں۔ پاکستان کی نیک نامی کا باعث بنیں۔ حج کے دوران اختلافی مسائل پر بحث سے گریز کریں۔ سعودی عرب میں کسی بھی قسم کے تعصبات، متنازع لٹریچر، نعرے بازی اور فضول بحثوں میں الجھنے سے دور رہیں۔ چیئرمین مرکزی علماء کونسل و جنرل سیکرٹری انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی نے مرکزی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

خصوصی افراد ریاست کی ذمہ داری ہیں، ڈپٹی کمشنر

معاون آلات کی فراہمی سے خصوصی بچوں کی زندگی میں آسانی پیدا ہوگی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر خصوصی افراد کے لئے معاون آلات کی فراہمی کا آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں میونسپل کارپوریشن ہال میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ابتدائی مرحلے میں 25 خصوصی بچوں کو وہیل چیئرز، سماعت کے آلات، واکرز اور دیگر معاون ڈیوائسز فراہم کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے معاون آلات کی فراہمی کا افتتاح کیا۔ تقریب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

وصولیوں اور ادائیگیوں کے تمام معاملات و ریکارڈ کو شفاف رکھا جائے

مالیاتی نظم و نسق کو یقینی بنانے کے لئے تمام وصولیوں کی روزانہ تصدیق کو دفتری کام کا لازمی حصہ بنائیں

وصولیوں و ادائیگیوں میں کسی قسم کے فرق یا بے قاعدگی کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا، قیصر عباس رند

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے حکم دیا ہے کہ ایف ڈی اے کی تمام وصولیوں کی رسیدات کو ذمہ داری اور باریک بینی سے چیک کیا جائے اس سلسلے میں کوئی فرق یا تضاد نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند کو تمام تر مالیاتی امور کی مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ مالیاتی نظم و نسق کو یقینی بنانے کے لئے تمام وصولیوں کی روزانہ تصدیق کو دفتری کام کا لازمی حصہ بنائیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے وصولیوں کے نظام کو بہتر خطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے متعلقہ ڈائریکٹرز سے میٹنگ کی اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

ملائیشیا کی سستی ترین ایئر لائن کی کراچی کیلئے پروازوں کا آغاز

ایئر ایشیا ایکس کی پہلی پرواز کراچی پہنچی، پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی نے واٹر سیلوٹ پیش کیا گیا

کراچی (این این آئی) ملائیشیا کی سستی ترین ایئر لائن ایئر ایشیا ایکس نے کوالالمپور سے کراچی کیلئے پروازوں کا آغاز کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایئر ایشیا ایکس کی کوالالمپور سے پہلی پرواز کراچی پہنچ گئی، پہلی پرواز میں 315 مسافر کراچی پہنچے ہیں۔ جناح انٹرنیشنل ایئر پورٹ کراچی میں ایئر ایشیا ایکس کی پہلی پرواز میں آنے والے مسافروں کا انتظامیہ نے استقبال کیا۔ ملائیشین ایئر لائن کو پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی کی جانب سے واٹر سیلوٹ پیش کیا گیا۔ ایئر ایشیا ایکس کی کراچی سے کوالالمپور کیلئے ہفتے میں چار پروازیں شیڈول ہوں گی۔ ملائیشین ایئر لائن کو پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی کی جانب سے واٹر سیلوٹ پیش کیا گیا۔

عوام کا تعاون ہی محکمہ کی کامیابی کی ضمانت ہے، عامر عزیز

مین ہولز اور ڈرینج لائنز میں قربانی کے جانوروں کی باقیات نہ پھینکنے بارے عوامی آگاہی مہم چلانے کی ہدایت

عید کے موقع پر شہری اپنے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں اور باقیات مین ہولز اور ڈرینج لائنز میں پھینک دیتے ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مینجنگ ڈائریکٹر واسا عامر عزیز نے مین ہولز اور ڈرینج لائنز میں قربانی کے جانوروں کی باقیات نہ پھینکنے بارے عوامی آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے کہا کہ عید الاضحیٰ کی آمد آمد ہے اور اس موقع پر شہری اپنے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں اور باقیات مین ہولز اور ڈرینج لائنز میں پھینک دیتے ہیں جس کی وجہ سے سیوریج بلاکیج پیدا ہوتی ہے جس سے ایک طرف شہریوں کو سیوریج مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ دوسری طرف واسا فیلڈ سٹاف پر کام کے بوجھ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ایم ڈی واسا نے مزید کہا کہ عید الاضحیٰ سے قبل تمام مین ہولز اور ڈرینج لائنز پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

اسلامی نظریاتی کونسل کی 16 سال تک کے بچوں پر انٹرنیٹ پر پابندی کی تجویز

عورت مارچ کے شرکاء کے بعض مطالبات شریعت کے خلاف ہیں، علامی راغب نعیمی

اسلام آباد (این این آئی) اسلامی نظریاتی کونسل نے 16 سال تک کی عمر کے بچوں پر انٹرنیٹ استعمال کرنے پر پابندی عائد کرنے کی تجویز دے دی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین علامہ راغب نعیمی نے کہا کہ ملک میں 16 سال سے کم عمر بچوں کو انٹرنیٹ استعمال نہیں کرنا چاہیے، 16 سال کے بعد بھی بچوں کو وہ چیزیں دیکھنے سے دور رہنا چاہیے، جس کو اگر وہ دیکھیں گے تو وہ دیکھنا گناہ کے زمرے میں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرد نہیں، عورت ہی عورت کی دشمن ہے، اسلام میں خواتین کو دیئے گئے حقوق میں کہیں ناانصافی نہیں، عورت کو جتنے حقوق اسلام نے دیئے ہیں اس سے پہلے اتنے حقوق نہیں تھے۔

فیصل آباد: محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے سیل پوائنٹس پر تعینات ویٹرنری سٹاف علاج معالجہ و سہولیات کی فراہمی بارے آگاہ کر رہے ہیں

سینیٹر مشتاق اور ان کی فیملی کی گرفتاری افسوسناک اور قابل مذمت ہے، الطاف شکور

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ سینیٹر مشتاق اور ان کی فیملی کی گرفتاری افسوسناک اور قابل مذمت ہے، حق کا ساتھ دینے والوں کو دیوار سے نہ لگایا جائے، سینیٹر مشتاق حق کے لئے بے خوف آواز کی علامت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

ہمارے معاشرے میں عورت کے مینٹل ہیلتھ کو ڈرامہ جبکہ مرد کے ڈرامے کو بھی حقیقت سمجھا جاتا ہے، وائس چانسلر جامعہ کراچی

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی نے کہا کہ مینٹل ہیلتھ ایک معاشرتی مسئلہ ہے اور کسی ایک صنف تک محدود نہیں اور مرد یا عورت کوئی بھی اس مسئلہ کا شکار ہو سکتا ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

دی یونیورسٹی آف فیصل آباد میں انوویٹو لائکپور 3 کا شاندار انعقاد

انوویٹو لائکپور میں پیش کئے گئے بہترین پراجیکٹس کو کمرشلائز کرنے کی ضرورت ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) دی یونیورسٹی آف فیصل آباد میں انوویٹو لائکپور 3 کا شاندار انعقاد۔ دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز نے انوویٹو لائکپور 1 اور 2 کی شاندار کامیابیوں کے بعد IEEE کے تعاون سے انوویٹو لائکپور 3 میگا ایونٹ کا انعقاد یونیورسٹی کے سلیم کیمپس میں کیا گیا۔ اس میں ملک بھر کی 35 یونیورسٹیوں سے سٹوڈنٹس نے کمپیوٹر سائنسز اور الیکٹریکل انجینئرنگ کے متعلقہ 250 جدید انوویٹو پراجیکٹس نمائش کیلئے پیش کئے جن میں تخلیقی صلاحیتوں اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مسائل کے حل کے طور پر پیش کیا گیا۔

حافظ نعیم الرحمٰن سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی ملاقات

بھارت کی جانب سے آبی جارحیت کی صورت میں پاکستان اپنے دفاع کا حق استعمال کر سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی۔ اس موقع پر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بھارت کی جانب سے آبی جارحیت کی صورت میں پاکستان اپنے دفاع کا حق استعمال کر سکتا ہے۔ ملاقات میں امیر جماعت اسلامی نے غزہ میں فوری جنگ بندی اور انسانی امداد کی فراہمی کا مطالبہ بھی کیا۔ ملاقات میں مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

روسی سفیر کا زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ

زبان و ثقافت کے مرکز کے قیام سے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان زبان کی رکاوٹ دور ہوگی اور باہمی ہم آہنگی کی فضا کو فروغ ملے گا

طلبا کو لیسٹیکو نے روسی جامعات میں دستیاب مواقع اور مختلف اسکالرشپ پروگراموں کے بارے میں آگاہ کیا جن سے پاکستانی طلبہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) روس کے سفیر الیرٹ خوریو نے کہا ہے کہ روسی جامعات اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے درمیان تعلیمی و تحقیقی روابط کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تعلیمی و ثقافتی اتاشی طلبا کو لیسٹیکو کے ہمراہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے دورے کے دوران وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی اور ڈیز و ڈائریکٹر سے ملاقات کے دوران کیا۔ الیرٹ خوریو نے زرعی پیداوار سے نمٹنے اور غذائی انتظام کو یقینی بنانے میں زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دورے کا مقصد دو طرفہ تعلقات کو مزید بہتر بنانا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

فیصل آباد: پاکستان پیپلز پارٹی کے سٹی صدر رانا نعیم دلگیر خان، پیپلز پارٹی آزاد جموں کشمیر فیصل آباد کے ڈویژنل صدر چوہدری خادم حسین کی رہائش گاہ پر لیبر لیڈر لال حسین راشد، میڈیا کوآرڈینیٹر محمد طاہر شیخ، سٹی رہنما زمان خان کے ساتھ ملکی سیاسی صورتحال و تنظیمی امور بارے مشاورت کے بعد گروپ فوٹو

شہر میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

چنیوٹ بازار کے رانا اقبال کی دکان سے لاکھوں کا سامان چوری، کوتوالی روڈ پر سپیریئر کالج کیمپس سے چور آؤٹرز وغیرہ لے اڑے

محسن عباس کے گھر کے باہر سے 2 بکرے، 165 رب کے جاوید اختر سے 6 ہزار و فون، سوک سنٹر کے قریب عامر سے بیگ چھین لیا

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، عید قربان قریب آتے ہی جانوروں کے چھین جانے کی وارداتوں میں اضافہ، 120 سے زائد مقامات پر وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان، موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے، موٹر سائیکل چور متعدد شہری کو پیدل کر گئے، آن لائن کے مطابق ڈسٹرکٹ جیل کے باہر جعفر مرتضیٰ سے موٹر سائیکل، نقدی و فون، الائیڈ ہسپتال کے باہر محمد علی سے 8 ہزار و طلائی انگوٹھی، چنیوٹ بازار کے رانا اقبال کی دکان سے لاکھوں کا سامان چوری، کوتوالی روڈ پر سپیریئر کالج کیمپس سے چور آؤٹرز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

فیصل آباد: قیصر شمس گچھا، شاہد اکرم گچھا، ذیشان اکرم گچھا، آصف گچھا کے تایا زاد فاروق (پیا بورکر) کی نماز جنازہ میں ظفر معراج، سلطان بٹ، زاہد شیخ، یوسف موتی، عمر اسحاق، و دیگر سیاسی سماجی و تاجران شریک ہیں

زندہ قومیں قوم اپنے محسنوں کو یاد رکھتی ہیں، اظہر اقبال حسن

ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنانے میں ڈاکٹر قدیر کا کلیدی کردار تھا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری اظہر اقبال حسن نے یوم تکبیر کے سلسلہ میں خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ زندہ قومیں قوم اپنے محسنوں کو یاد رکھتی ہیں۔ ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنانے میں ڈاکٹر قدیر کا کلیدی کردار تھا، بھارت سے جنگ میں فتح کے بعد پاکستان طاقتور ریاست بن کر ابھرا ہے۔ المرکز الاسلامی چنیوٹ بازار میں ہونے والی تقریب میں ضلعی امیر محبوب الزماں بٹ، انجینئر عظیم رندھاوا، سردار ظفر حسین، یاسر اقبال کھارا، شیخ محمد مشتاق و دیگر بھی موجود تھے۔ تقریب کے اختتام پر کیک بھی کاٹا گیا۔ اظہر اقبال حسن نے کہا کہ پاکستان کا ایٹمی قوت بننا نہ صرف قومی سلامتی اور خودمختاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

فیصل آباد نے آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ جیت لیا

فائنل میچ میں فیصل آباد نے دلچسپ مقابلے کے بعد گجرات کو 27/45 سے ہرا کر چیمپ